ہدایات برائے پولٹری شاپس

1۔ تمام پولٹری شاپس کے حضرات پنجاب فوڈ اتھارٹی سے سال 2017 کا لائسنس بنوائیں۔
2۔ تمام فوڈ ورکرز اپنا میڈیکل پنجاب فوڈ اتھارٹی کے منتخب کردہ ہسپتالوں سے کروائیں۔
3۔ کام کے دوران دوکان میں موجود تمام ورکرز ٹوپی، ایپرن اور ماسک لازمی پہنیں۔
4۔ مارکیٹ میں کسی بھی جگہ مردہ/بیمار مرغی کی خرید وفروخت ممنوع ہے۔
5۔ زندہ مرغی کا کم از کم وزن 1400 گرام ہونا ضروری ہے۔اس سے کم وزن کی مرغی کی خرید وفروخت ممنوع ہے۔
6۔ تمام دوکان دار مرغی کو کون (سانچے) میں ذبح کریں۔ڈرم میں مرغی ذبح کرنے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔
7۔ جو دکاندار جس سے مرغی خریدے گا اس دکاندار کے پاس بیوپاری/بیچنے والے کی رسید یا گاڑی کا نمبر اور نام وغیرہ لازمی ہو۔
8۔ ہر دکاندار اپنی دوکان میں مکھی/مچھر مارنے والی لائٹ اور چوہوں کی روک تھام کے پنجرے لازمی لگوائے۔
9۔ ہر دوکان میں کچرے کے لئے ڈسٹ بن لازمی موجود ہو۔
10۔ کوئی بھی کاریگر کام کے دوران انگوٹھی، بینڈ یا جیولری ہرگز نہیں پہنے گا۔
11۔ ورکرز مرغی ذبح کرنے کے اوزروں مثال کے طور ہر چھری وغیرہ کو دھو کر استعمال کریں۔
12۔ تمام دوکانوں میں فرش صاف ہو اور ٹوٹا ہوا نہ ہو۔
13۔ تمام دوکانوں کی دیواروں پر ٹائل یا سٹیل کی چادر لگی ہو۔
14۔ دوکان کے اندر سگریٹ نوشی اور پان کھانے کی اجازت نہیں ہے۔
15۔ جو دکاندار باہر پھٹا لگا کر کام کرتے ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے پھٹے کے گرد جالی کا کاؤنٹر لگوائیں۔
16۔ کسی بھی دوکان کے اندر کا ڈرین (Drain) یا نالی وغیرہ کھلی نہ ہو بلکہ اسے ڈھانپا ہوا ہو۔
17۔ کسی بھی دوکان کے اندر باتھ روم موجود نہ ہو۔
18۔ ہر ورکر کے ہاتھ دھونے کا انتظام دوکان دار/انتظامیہ کی ذمہ داری ہوگی۔
19۔ نالے کے قریب مرغی کا گوشت بنانے کی اجازت نہیں ہے۔
20۔ مرغی کے گوشت کو زمین کی سطح پر ہرگز نہ رکھیں بلکہ اس کے لئے سٹیل کے کنٹینر یا ریک (Rack) بنوائیں۔
21۔ دوکان میں پنکھوں کی صفائی لازمی کروائیں اور دیواروں پر جالے نہ لگنے دیں۔
22۔ بازار کے راستے یا غیر مناسب جگہ پر سٹال/پھٹہ لگانا منع ہے۔ پھٹے فوری طور پر ہٹالیں ورنہ سخت قانونی کاروائی کی جائیگی۔
23۔ بیمار مرغی پکڑے جانے کی صورت میں گاڑی والے کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔
24۔ ہدایات پر عمل نہ کرنے کی صورت میں سخت قانونی کاروائی کی جائے گی۔